# 2021

# URDU—HONOUR

## Paper: CC–4

## Full Marks : 65

*The figures in the margin indicate full marks.*

*Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*

1. درج ذیل سوالوں میں سے کسی دس کے جواب دیجئے۔ 2×10=20

(i) مثنوی سحرالبیان کے خالق کا نام بتائیے اور سال اشاعت بھی تحریر کیجئے۔

(ii) دیا شنکر نسیم کی کون سی مثنوی آپ کے نصاب میں شامل ہے؟ اس مثنوی کے کسی ایک کردار کا نام بتائیے۔

(iii) شمالی ہند کے کسی دو اہم نظم نگاروں کے نام بتائیے۔

(iv) نظیر کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی ؟

(v) انجمن پنجاب کی بنیاد کب پڑی ؟ اس کے روح رواں کون تھے؟

(vi) حالی کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی ؟

(vii) مثنوی سحرالبیان کے کسی دو کرداروں کے نام بتائیے۔

(viii) فراق کا پورا نام اور جائے پیدائش تحریر کیجئے۔

(ix) میرحسن کی جائے پیدائش اور جائے وفات بتائیے۔

(x) رباعی کی تعریف کیجئے۔

(xi) اردو کے دو اہم رباعی نگاروں کے نام بتائیے۔

(xii) امجد حیدرآبادی کی ولادت کب اور کہاں ہوئی ؟

(xiii) اقبال کے کسی دو شعری مجموعے کے نام بتائیے۔

**2.** درج ذیل میں سے کسی تین سوالوں کے جواب دیجئے۔ 10×3=30

(i) نظم کے فروغ میں انجمنِ پنجاب کی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

(ii) نظم کی تعریف کرتے ہوئے اقبال کی نظم نگاری کا جائزہ لیجئے۔

(iii) مثنوی کی تعریف کیجئے اور اس کے اجزائے ترکیبی سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

(iv) انیس کو بحیثیت رباعی گو پیش کیجئے۔

(v) میر حسن کو بحیثیت مثنوی نگار پیش کیجئے۔

**3.** درج ذیل میں سے کسی تین کی تشریح کیجئے۔ 5×3=15

(i) اے معنئ کائنات مجھ میں آجا اے راز صفات و ذات مجھ میں آجا
سوتا سنسار جھلملاتے تارے اب بھیگ چلی ہے رات مجھ میں آجا

(ii) جب چلتے چلتے رستے میں، یہ گون تری ڈھل جاوے گی
اک بدھیا تیری مٹی پر، پھر گھاس نہ چرنے آوے گی
یہ کھیپ جو تونے لادی ہے، سب حصوں میں بٹ جاوے گی
دھی، پوت، جنوائی، بیٹا کیا، بنجارن پاس نہ آوے گی

(iii) یہ دستور زباں بندی ہے کیسا تیری محفل میں
یہاں تو بات کرنے کو ترستی ہے زباں میری

(iv) وطن کی فکر کر ناداں! مصیبت آنے والی ہے
تری بربادیوں کے مشورے ہیں آسمانوں میں

---